السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار اور خلفاء اربعہ اسی طرح کرتے تھے تمام ہوے کلام اسکے لیکن مجمع کرنا اوپر اوسکے پس بنا یہ اوسکے ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ صحابہ کے اوپر قبرون کے جاتے تھے چنانچہ حدیث ابوہریرہ سے معلوم ہوا اسواسطے کہ اوسمین واقع ہے کہ زار النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبر امہ فبکی وابکی من حولہ پس لفظ من حولہ دلالت کرتا ہے کہ ہمراہ علیہ السلام کے جماعت کثیر صحابہ کی تھی اسواسطے گرد اگرد ہونا آدمیون کا صریح دلالت کرتا ہے اوپر انبوہ کثیر کے اور بھی حدیث ابن عمر سے کہ قبل اس سے گذرے معلوم ہوتا ہے اسواسطے کہ بیچ اسکے مذکور ہے کہ پیغمبر خدا اوپر قبر مصعب ابن عمیر کی اور یارون اونکے کے گذرے اور توقف فرمایا اور اونکو زندہ فرمایا بہر خطاب ساتھ اصحاب کے ارشاد کیا فزوروھم وسلموا علیہم پس پس یہہ خطاب جمع مذکر کا ہے دلالت کرتا ہے اوپر اسکے کہ ہمراہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جماعت صحابہ کی تھی اور بہی حدیث ابن عباس سے کہ ذکر کی جاویگی معلوم ہوتا ہے اس سبب سے کہ اندر اسکے مذکور ہے کہ پیغمبر خدا اوپر دو قبرون کے گذرے کہ اوس مین عذاب ہوتا تھا اور محبوب خدا نے ایک شاخ کہجور کی لیکے دو ٹکڑے کئے اور دونون قبرون پر رکہے اوسجا مین واقع ہوا قالوا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما صنعت ہذا پس لفظ قالوا کہ صیغہ جمع مذکر کا ہے دلالت صریح رکہتا ہے اوپر اسکے کہ ہمراہ آنحضرت صلعم کے جماعت صحابہ کی تھی تنبیہ پس اگر کوئی شخص دن مقرر کرکے ہر سال عرس کرے یا انبوہ کثیر جمع کرے یا دن ٹہرا کر کسی بزرگ کی فاتحہ کرے جیسا کہ یازدہم حضرت محبوب سبحانی کی یا پڑہنا مولود شریف کا درمیان ربیع الاول کے یا فاتحہ دینی اور انبوہ کثیر کو جمع کرنا اور ختم قرآن اور کلمہ طیب پڑہنا اور طعام وغیرہ بارواح جناب سرور کائنات کے بخشنا کچہ مضایقہ نہین ہے بلکہ اولی ہی چنانچہ ما ثبت بالسنہ مین مذکور ہے اولی واحق ما یذکر فیہ ذکر مولدہ ووفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم **ترجمہ** یعنے اولی اور احق تر ہے وہ کہ ذکر کیا جاوے درمیان ماہ ربیع الاول کے ذکر مولود آنحضرت صلعم اور ذکر وفات پیغمبر خدا علیہ السلام اور اگر دن ٹہرا کر کسی بزرگ یا ولی یا اوستاد یا پیر یا والدین کی قبر پر ساتھ خلقت کثیر کے جاوے اور اسجگہ کہانا

ثواب کرے اور قرآن پڑھے اور مکروہات اور منہیات سے نیچے کچھ مضایقہ نہین بلکہ مستحب
ہے اور جو منع کرے وہ منکر حدیث اور مناع للخیر ہے اسواسطے اگر منع ہوتا تو کیون آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم ساتھ جماعت صحابہ کے جاتے اور خطاب واسطے جمع کے فرماتے فروہم وہم وسلموا علیہم
لیکن ڈالنا پہولون کی چادر کا یا پہولون کا قبر پر اس حدیث سے کہ مضمون اوسکا مجملا مرقوم ہو چکا
ہے اور پوری حدیث یہہ ہے وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَبْرَيْنِ فَقَالَ اِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ فِي كَبِيرٍ اَمَّا اَحَدُهُمَا فَكَا
لَا يَسْتَتِرُ مِنَ الْبَوْلِ وَفِي رِوَايَةٍ لَا يَسْتَنْزِهُ مِنَ الْبَوْلِ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَكَانَ يَمْشِي بِا
النَّمِيمَةِ ثُمَّ اَخَذَ جَرِيدَةً رَطْبَةً فَشَقَّهَا بِنِصْفَيْنِ ثُمَّ غَرَزَ فِي كُلِّ قَبْرٍ قَالُوا يَا
رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا فَقَالَ لَعَلَّهُ اَنْ يُخَفَّفَ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا
ترجمہ روی ہے ابن عباس سے کہ گذرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ دو قبرون کے پس کہا کہ صاحب
ان دو قبرون کے البتہ عذاب کئے جاتے ہین اور نہین معذب بیچ کبیرہ کے مگر ایک ان دونون مین سے
استنجا نہین کرتا تھا بول سے اور ایک روایت مین ہے اجتناب نہین کرتا تھا بول سے اور
دوسرا تھا چغلخور پہر لی حضرت نے شاخ خرمے کی اور دو ٹکڑے کرکر گاڑی بیچ ہر ایک قبر کے کہا
صحابہ نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسواسطے یہہ کیا آپنے فرمایا آنحضرت نے شاید تخفیف کی جاوے ان
دونون مین سے عذاب سے جب تک کہ خشک نہووے الغرض اسی حدیث سے ثابت ہوا کہ وضع چیز

سبز کا اوپر قبر کے درست ہے اور مردے کو نفع دیتی ہے چنانچہ قول قرطبی کا اور خطابی
اور ابن عساکر دال صحیح ہے اسپر کہ مثل برگ کہ معمول بیچ حرمین کے ہے اور مانند پہول اور
ریاحین کے کہ مروج بیچ ہند کے ہے جب تک کہ خشک نہ ہوا اوپر قبرون کے رکہنا درست ہے
اسواسطے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ ٹہنی درخت خرما کی اوپر دو قبرون کے رکھے
اور سبب فرمایا کہ شاید تخفیف عذاب کے ہو اسی کہ جب تک خشک نہ ہوا اور بہید درمیان

اسکے یہ ہی کہ ہر چیز خدا کی تسبیح کرتی ہے اور حمد بموجب اس آیۃ کے وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ
اور نفع اور تخفیف عذاب سے ہی اور وقت تخفیف کا تا خشکی ہے بنا بر اسکے کہ ہر چیز کو حیات
ہی ساتھ حکم وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ کے اور اسی طرح ہر چیز کو موت اور فنا ہی
ساتھ حکم كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَكُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ کے اور موت حیات ہر چیز کے
موافق اوسکی ہی اور زندگی ان چیزون کی تری ہے اور سبزی اور موت اونکی خشکی ہے اور
پژمردگی اور اکثر علما و فقہا و مفسرین کا اتفاق ہے اس پر بلکہ استحباب قراءۃ قرآن کا نزدیک
قبر کے اسی حدیث سے ثابت کیا ہی چنانچہ صاحب طیبی نے کہا قَالَ الْعُلَمَاءُ وَضْعُهُ
الْجَرِيدَتَيْنِ عَلَى قَبْرَيْنِ مَحْمُولٌ عَلَى اَنَّهُ سَأَلَ الشَّفَاعَةَ بِهِمَا فَاُجِيبَ بِالتَّخْفِيفِ
اِلَى اَنْ يَيْبَسَتْ وَقِيلَ يَحْتَمِلُ اَنَّهُ كَانَ يَدْعُو لَهُمَا تِلْكَ الْمُدَّةَ وَقِيلَ لِكَوْنِهِمَا يُسَبِّحَانِ
مَادَامَا رَطْبَيْنِ وَلَيْسَ لِلْيَابِسِ تَسْبِيحٌ كَذَا مَذْهَبُ كَثِيرِينَ وَالْاَكْثَرُونَ مِنَ
الْمُفَسِّرِينَ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى وَاِنْ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ ثُمَّ قَالُوا حَيٰوةُ كُلِّ
شَيْءٍ بِحَسَبِهٖ فَحَيٰوةُ الْخَشَبِ مَا لَمْ يَيْبَسْ وَالْحَجَرِ مَا لَمْ يُقْطَعْ وَاخْتَلَفُوا هَلْ يُسَبِّحُ
حَقِيقَةً اَمْ مِنْهُ دَلَالَةٌ عَلَى الصَّانِعِ وَالْمُحَقِّقُونَ عَلَى اَنَّهُ يُسَبِّحُ حَقِيقَةً وَيُسْتَحَبُّ الْعُلَمَاءُ
قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ عِنْدَ الْقُبُورِ لِهٰذَا الْحَدِيثِ لِاَنَّهُ اِذَا كَانَ يُرْجٰى بِالتَّخْفِيفِ بِتَسْبِيحِ الْجَرِيدَةِ
فَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ اَوْلٰى ترجمہ یعنے کہا علمانے کہ رکھنا آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جریدتین کو
اوپر قبر کے محمول ہے اوپر اس بات کے تحقیق آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کیا شفاعت کا
بیچ حق ان مردون کے پس قبول کیا گیا ساتھ تخفیف کے یہان تک کہ خشک ہوا اور بعضون نے
کہا محتمل ہی اس معنی کو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے دعا کرتے اون ہر دونون کے لئے بیچ اسی
مدت کے اور کہا بعضون نے بسبب ہونے جریدتین کے تسبیح کرنیوالے جب تک کہ تر ہون اور
نہین تسبیح واسطے خشک کے اور اسی طرح مذہب کثیرین کا اور اکثر مفسرین نے معنے قول خدا وَاِنْ
مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ کے یون کہے ہین کہ کوئی نہین زندہ مگر تسبیح کرتا ہے ساتھ حمد خدا کے

اور زندگی ہر چیز کی موافق اوسکے ہے پس زندگی خشب کی جب تک خشک نہو اور پتھر کی جب
تک کہ نہ قطع کیا جاوے اور اختلاف کیا ہے یہ کہ آیا تسبیح کرتے ہیں حقیقۃً یا بیچ اوسکے دلالت
ہے اوپر صانع کے اور محققین اوپر اسبات کے ہیں کہ مقرر وہ تسبیح کرتے ہیں حقیقۃً اور مستحب کہا
ہے علمانے پڑھنا قرآن کا نزدیک قبر کے ساتھ اسی حدیث کے اسلیے کہ تحقیق مردہ جب جا ہوا
امید کیا گیا تخفیف عذاب سے ساتھ تسبیح جریدہ کے پس تو پڑھنا قرآن کا افضل اور اولی ہے آئی
اور شیخ عبد الحق دہلوی بیچ شرح اپنی کے لکھتا ہے کہ جامع الاصول مین ہے بریرہ صحابی نے
کہا اوسنے وصیت کی واسطے گاڑنے جریدہ کے بیچ قبر اپنی کے تاکہ شاید بیچ اوسکے سبب نجات کا
ہو اور درمیان کنز العباد کے اور فتاوی غرایب کے ہے وَضْعُ الْوَرْدِ وَالرَّيَاحِينِ عَلَى الْقُبُورِ
حَسَنٌ لِأَنَّهُ مَادَامَ رَطْبًا يُسَبِّحُ وَيَكُونُ لِلْمَيِّتِ بِتَسْبِيحِهِ أُنْسٌ وَإِنْ تَصَدَّقَ بِقِيمَتِهِ
أَحْسَنُ ترجمہ ڈالنا پھولوں کا اچھا ہے اوپر قبروں کے واسطے اوسکے کہ تحقیق وہ جبتک کے
تر ہے تسبیح کرتی ہے اور ہوتی ہے واسطے مردے کے انسیت اور اگر تصدق کرے ساتھ قیمت
اوسکے کے بہتر ہے اور بیچ شرح طریقہ محمدیہ کے ہے قَلْعُ الشَّوْلِ وَالْحَشِيشِ الرَّطْبَيْنِ عَلَى
الْقَبْرِ مَكْرُوهٌ لِأَنَّ النَّبَاتَ مِنْ آثَارِ رَحْمَةِ اللهِ وَيَسْتَمِدُّ مِنْهَا فَهُوَ أُنْسٌ لِلْمَيِّتِ بِخِلَافِ
الْيَابِسِ یعنے دور کرنا خار کا اور گہانس کا دران حالیکہ تر ہون اوپر قبر کے مکروہ ہے واسطے
اسبات کے کہ تحقیق روئیدگی نشانی رحمت خدا کی سے ہے اور استمداد چاہے جاتے ہی اوس سے
اور پس وہ انسیت واسطے مردے کے ہے بخلاف خشک کے اور درمیان فتاوی قاضیخان کے
ہے وَيُكْرَهُ قَطْعُ الْحَطَبِ وَالْحَشِيشِ مِنَ الْمَقْبَرَةِ فَإِنْ كَانَ يَابِسًا لَا بَأْسَ بِهِ : ترجمہ
مکروہ ہے کاٹنا لکڑیون کا اور گہانس کا مقبرہ سے پس اگر ہو خشک مضایقہ نہیں ہے ساتھ
اوسکے پس اسی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جب دور کرنا قبر سے سبزی کا مکروہ ہوا۔
بسبب تسبیح اور حمد کے پس اب کچھ مضایقہ نہیں بلکہ مستحسن اور مستحب ہوا ہے ڈالنا چادر
پھول کی یا پھول یا سبزہ کسی درخت کا قبروں پر اسواسطے کہ جب تک وہ تر ہے تسبیح کرتے

ہین اور تسبیح موجب نجات کا ہے عذاب قبر سے لیکن بوسہ لینا بعضے قبرون درست ہے اسواسطے کہ جناب رسول خدانے خود واسطے چومنے قبر والدین کے ارشاد کیا چنانچہ درمیان کنز العباد کے نقل کیا کفایہ شعبی سے کہ لَا بَأْسَ بِتَقْبِيلِ قَبْرِ الْوَالِدَيْنِ وَفِي كِفَايَةِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي حَلَفْتُ اَنْ اُقَبِّلَ عَتَبَةَ بَابِ الْجَنَّةِ وَالْحُوْرِ الْعِيْنِ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُقَبِّلَ رِجْلَ الْاُمِّ وَوَجْهَ الْاَبِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ لَمْ يَكُنْ لِي اَبَوَانِ فَقَالَ قَبِّلْ قَبْرَ وَالِدَيْنِ قَالَ وَاِنْ لَمْ نَعْرِفْ قَبْرَهُمَا قَالَ خُطَّ خَطَّيْنِ وَتَنْوِيَانِ اَحَدُهُمَا قَبْرُ الْاُمِّ وَالْاٰخَرُ قَبْرُ الْاَبِ تُقَبِّلُ لَهُمَا وَلَا تَحْنَثُ بِيَمِيْنِكَ **ترجمہ** یعنے مضایقہ نہین ہے ساتھ بوسہ لینے قبر والدین کے اور درمیان کفایہ شعبی کے ہے کہ تحقیق ایک مرد آیا خدمت مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ مقرر مین نے قسم کہائی کہ بوسہ دون مین دہلیز جنت کو اور حور العین کو پس حکم کیا اوسکو علیہ السلام نے یہہ کہ بوسہ دے قدم ماکے تئین کہا اوس نے یا رسول اللہ ع اگر نہ ہووے میری ماباپ پس فرمایا کہ بوسہ لے قبر ماباپ اپنی کو اور کہا اوسنے اگر نجانون مین قبر کو اون کے فرمایا کہ کہینچ دو خط اور نیت کر اون مین سے ساتھ قبر ما اور دوسرے کو قبر باپ کے پس بوسہ دیجیا ان ہر دونون کو اور حانث نہو ساتھ قسم اپنی کے پس بوسہ لینا قبر کا والدین کے یا پیر اور استاد کے درست ہے اسواسطے کہ بیچ طحطاوی کے لکہا ہے کہ مرتبہ پیر اور استاد کا بڑہ کر ہے ماں اور باپ سے اور بوسہ لینا قبر ماں اور باپکا حدیث صحیح سے ثابت ہے اور باقی موقوف اوپر نیت کے ہے چنانچہ درمیان طوالع الانوار شرح در المختار کے لکہا ہے وَالتَّقْبِيلُ غَيْرُ الْمُصْحَفِ كَقُبُوْرِ الْاَنْبِيَاءِ وَمَنْ يُتَبَرَّكُ بِهِمْ فَلِلْعُلَمَاءِ فِيْهِ كَلَامٌ كَرِهَهُ بَعْضُهُمْ وَاسْتَحْسَنَهُ بَعْضُهُمْ حَتّٰى اَنَّ الشَّافِعِيَّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَبَاحَهُ مُطْلَقًا اِذَا كَانَ لِلتَّبَرُّكِ وَاَوْرَدَهُ وَاعْتَمَدَهُ جَمَاعَةٌ مِنْهُمُ الْحَافِظُ الْعَيْنِيُّ الْحَنَفِيُّ شَارِحُ الْبُخَارِيِّ وَالْمُقْرِيُّ الْمَالِكِيُّ صَاحِبُ الْفَتْحِ الْمُتَعَالِ وَسَمْهُوْدِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَلَا مُنَافَاةَ بَيْنَ الْكَرَاهَةِ وَالْاِسْتِحْسَانِ بِاَنَّهُ مُقَيَّدٌ

بین

5656

بنیت التبرک والاعمال بالنیات والامور بمقاصدها ولکل امرء مانوی ونیت المؤمن
خیر من عمله قال السمهودی نقل الطیب الناشری من المحب الطبرانی یجوز تقبیل القبر
ومسه قال علیه عمل العلماء الصالحین **ترجمہ** اور تقبیل سوائے مصحف کے مثل قبرون انبیاء
اور جو شی کہ متبرک ہو لیس واسطے علما کے درمیان اوسکے کلام ہے مکروہ رکہنا اوسکو بعض نے اور
مستحسن کہا بعض نے حتی کہ شافعی نے مباح رکہا ہے مطلق جسوقت کہ ہو واسطے تبرک کے اور اعتماد
کیا اوسکو ایک جماعت نے اونون مین سے ہین حافظ عینی حنفی شارح بخاری اور مقرالمالکے
صاحب فتح المتعال اور سمہودی اور شافعی اور نہین منافات درمیان کراہت اور استحسان کے
پس تحقیق وہ مقید ہے ساتھ نیت کے اور عمل ساتھ نیتون کے ہے اور سب امور ساتھ
مقاصدون اوسکی کے اور واسطے ہر امر کے وہ شی ہے کہ نیت کی جاوے اور نیت
مومن کی بہتر ہے عمل اوسکی سے کہا سمہودی نے نقل کیا طیب الناشری نے محب طبرانی سے
تحقیق جایز ہے بوسہ لینا قبر کا اور مس کرنا اور اسی پر ہے عمل علما صالحین کا اور سوائے
ازین علاؤالدین تاجری حنفی لکہتا ہے اور روایات شافعی اور مالکی اور حنبلی مالامال بہری ہے

مسئلہ: جواب زائرین

مسئلہ اہل قبور زایر اپنی کو پہچانتے ہین یا نہین اور احساس اور ادراک رکھتے ہین اور
اور بات زایر اپنی کے سنتے ہین یا نہین **جواب** زایر اپنے کو پہچانتے ہین اور رد جواب
کرتے ہین اور ادراک اور احساس بخوبی رکھتے ہین اور قول زایر اپنے کو سنتے ہین اور آواز پائے
پوشش تک کی سنتے ہین اور یہہ حدیث صحیح اور روایات معتبرہ سے ثابت اور مدلل ہے چنانچہ جلال
الدین سیوطی نے بیچ زیارت قبور کے علم موتی کا ساتھ زیارت کنندہ گان اپنی اور رویت
انکے واسطے زایر کے عقد کیا چنانچہ نقل کیا جاتا ہے عن عایشة رضی الله عنها قالت قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم ما من رجل یزور علی قبر اخیه ویجلس علیه الا استانس ورد
علیه حتی یقوم **ترجمہ** یعنی مروی ہے عایشہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ نہین کوئی مرد کہ زیارت کرتا ہے قبر بھائی اپنے کی اور بیٹھتا ہے اوپر اسکے مگر انس پکڑتا ہے

اور سلام کا جواب دیتا ہے جب تک کے کھڑا ہو **وعن ابی ہریرۃ** رضی اللہ عنہ قال اذا مر الرجل بقبر یعرفہ فسلم علیہ ورد علیہ السلام وعرفہ فسلم واذا مر بقبر لا یعرفہ فسلم رد علیہ السلام **ترجمہ** یعنے مروی ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا جسوقت گذرتا ہے کوئی شخص قبر پر جان پہچان کے پس سلام علیک کرتا اوسپر جواب سلام کا دیتا ہے اسپر اور جان لیتا ہے اوسکو اور جب گذرتا ہے انجان کے قبر پر پس سلام کرتا ہے اوسکو رد کرتا ہے اوپر اوسکے سلام کو **وعن ابن عباس** رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من احد یمر علی قبر اخیہ المؤمن کان یعرفہ فی الدنیا فیسلم علیہ الا عرفہ ورد علیہ السلام **ترجمہ** یعنے مروی ہے ابن عباس سے کہ کہا اونے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی ایک بندہ کہ گذرتا ہے اوپر قبر بھائی مومن اپنے کے کہ جانتا ہے اوسکو بیچ دنیا کے پس سلام کرتا ہے اوپر اوسکے مگر جان لیتا ہے اوسکو اور رد کرتا ہے اوپر اوسکے سلام کو **وعن ابی ہریرۃ** عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما من عبد یمر علی قبر رجل یعرفہ فی الدنیا فسلم علیہ الا عرفہ ورد علیہ السلام **ترجمہ** یعنے روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ فرمایا نہیں کوئی بندہ گذرتا ہے اوپر قبر کسی کے کہ جانتا ہے اوسکو بیچ دنیا کے پس سلام کرتا ہے اوپر اوسکے مگر جان لیتا ہے اوسکو اور رد سلام کرتا ہے **وعن ابی ہریرۃ** قال قال ابو رزین یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان طریقی علی الموتی فہل من کلام نتکلم علیہ قال قل السلام علیکم یا اہل القبور من المسلمین انتم لنا سلف ونحن لکم تبع وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون **ترجمہ** یعنے مروی ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا ابو رزین نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تحقیق طریقہ ہمارا ہے اوپر موتا کے پس آیا ہے کسی کلام سے کہ تکلم کریں ہم اوپر اون کے فرمایا کہ کہو السلام علیکم یا اہل القبور من المسلمین انتم لنا سلف ونحن لکم تبع وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون۔ **وعن عمر** رضی اللہ عنہ قال مر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی قبر مصعب ابن عمیر حین رجع من احد توقف علیہ وعلی اصحابہ فقال اشہدکم

انکم احیاء عند اللہ فزوروھم وسلموا علیھم فو الذی نفسی بیدہ لا یسلم علیھم احد
الا ردوا علیہ الی یوم القیمۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا گذرے پیغمبر خدا اوپر قبر مصعب
بن عمیر کے جسوقت کہ پھرے احد سے پس کھڑے ہوئے اوپر اوسکے اور یاروں اسکیکے اور
کہا کہ گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق تم زندہ ہو نزدیک اللہ کے پس زیارت کرو اون کی اور سلام
کرو اوپر اون کے پس قسم ہے اوس ذات کی کہ جسکے ید قدرت میں میری جان ہے نہیں سلام کرتا اوپر
اون کے کوئی مگر رد کرا جاتا ہے اوپر اوسکے قیامت تک وعن انس قال قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم ان العبد اذا وضع فی قبرہ وتولی عنہ اصحابہ انہ لیسمع قرع نعالھم کذا فی
شرح الصدور والمشکوۃ والبخاری **ترجمہ** یعنے مروی ہے انس سے کہ کہا ارشاد کیا پیغمبر
خدا نے تحقیق بندہ جسوقت رکہا جاتا ہے قبر میں اپنی اور پھرتے ہیں وسے یار اوسکی تحقیق وہ
مردہ سنتا ہے آواز جوتی اونکی اسیطرح ہے شرح صدور اور مشکوۃ اور بخاری میں وعن
ابن عباس رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان المیت یسمع خفق نعالھم
حین یولون **ترجمہ** یعنے مروی ہے ابن عباس سے کہ روایت کی پیغمبر خدا سے کہ فرمایا تحقیق
مردہ سنتا ہے آواز پاپوش تک کی جسوقت کہ پھرتے ہیں آدمی ذکر کیا اسکو بیچ شرح صدور کے وقال
السبکی عود الروح الی الجسد فی القبر ثابت فی الصحیح لسائر الموتی فضلا عن الشہداء **ترجمہ**
یعنے سبکی نے کہا آنا روح کا طرف بدن کے بیچ قبر کے ثابت ہے بیچ مذہب صحیح کے واسطے کل اہل
بہرہ کرتے ہیں سے ۔ وقال الشیدلۃ فی کتاب البرھان فی علوم القران فان قیل قولہ تعالی ولا
تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء کیف یکونون اموات احیاء قلنا یجوز
ان یحییھم اللہ فی قبورھم وان ارواحھم تکون فی جزء من ابدانھم یحس فی جمیع
بدنہ بالنعم واللذات لاجل ذلک الجزء کما یحس جمیع بدن الحی فی الدنیا ببرودۃ
او حرارۃ تکون فی جزء بدنہ **ترجمہ** یعنے کہا شیدلہ نے درمیان کتاب برہان فی علوم القران
کے پس اگر کہا جاوے قولہ تعالی ولا تحسبن الذین آخر آیۃ تک ترجمہ نہ گمان کرو اون لوگوں کو جو مارے

گئے راہ خدا مین مردہ بلکہ زندہ ہین کیون کہ زندہ ہون گے مردہ کہنا منے جایز ہے یہہ کہ زندہ کرے
اون کو اللہ بیچ قبرون اون کی کے اور ارواح اونکی بیچ ایک جز کے بدنون اونکی ہے کہ دریافت کرے
بیچ تمام بدن اپنے کے ساتھ نعمتون اور لذتون کے بہ سبب ہونے اسی جز کے جیسا کہ احساس کرتا ہے
تمام بدن زندہ کا دنیا مین سردی اور گرمی کو کہ ہوتی ہے وہ بیچ ایک جز کے اجزاے بدن اوسکی سے
نَقَلَ السُّهَيْلِيُّ فِي الدَّلَائِلِ النُّبُوَّةِ عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ اَنَّهُ حَفَرَ فِي مَكَانٍ فَفُتِحَتْ طَاقَةٌ
فَاِذَا شَخْصٌ عَلَى سَرِيْرٍ وَبَيْنَ يَدَيْهِ مُصْحَفٌ يَقْرَءُ فِيْهِ وَاَمَامَهُ رَوْضَةٌ خَضْرَاءُ وَ
عَلِمَ اَنَّهُ مِنَ الشُّهَدَاءِ اَنَّهُ رَئٰى فِي صَفْحَةِ وَجْهِهِ جُرْحًا **ترجمہ** نقل کی سہیلی نے دلایل نبوت
مین بعض صحابہ سے تحقیق اوسنے کہودا ایک مکان مین پس کشادہ ہوا ایک موکھا پس ناگہان دیکھا
ایک شخص کو تخت پر اور آگے اوسکے قرآن ہے کہ پڑھتا ہے اوسمین اور روبرو اوسکے باغیچہ ہے سبز
اور جانا گیا تحقیق وہ شہدا سے ہے اسواسطے کہ دیکھا بیچ صفحہ چہرہ اوسکی کے زخم **وَعَنْ**
اِبْنِ مَنْدَةَ اَبِي النَّضَرِ النِّيْسَابُوْرِيِّ الْحَفَّارِ كَانَ صَالِحًا وَرِعًا قَالَ حَفَرْتُ قَبْرًا فَفُتِحَتْ
فِيْهِ قَبْرٌ اٰخَرُ فَنَظَرْتُ فِيْهِ فَاِذَا شَابٌّ حَسَنُ الْوَجْهِ وَالثِّيَابِ وَحَسَنُ الرِّيْحِ مُتَرَبِّعًا
فِي الْحُجْرَةِ كِتَابٌ مَكْتُوْبٌ مَوْجُوْدَةٌ بِاَحْسَنِ الْخَطِّ وَمَا رَاَيْتُ اَحْسَنَ خَطًّا مِنْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ
وَيَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ فَنَظَرَ الشَّابُّ اِلَيَّ فَقَالَ اَقَامَتِ الْقِيَامَةُ قُلْتُ لَا قَالَ اَعِدِ الْمَدَرَةَ اِلٰى مَكَانِهٖ
ترجمہ یعنے روایت کی ابن مندہ نے ابی النضر نیشاپوری حفار سے اور تہا وہ صالح اور متقی
کہا اوسنے کہودا مین نے ایک قبر کو پس کشادہ ہوئی بیچ اوس قبر کے قبر دوسری پس نظر کی بیچ
اوسکے دیکھا مین نے ایک جوان ہے خوبصورت اور اچھی کپڑے پہنے ہوئے اور اچھی خوشبوئی
لگائے ہوئے پالتے مارے ہوئے بیٹھا بیچ حجرہ کے اور آگے اوسکے کتاب لکھی ہوئی حاضر ہے
ایسی خوش خط کہ نہین دیکھا مین نے کوئی خط بہتر اون سے اور پڑہتا تھا قرآن پس دیکھا جوان نے
طرف میری اور کہا کیا قایم ہوئی قیامت کہا مین نے نہین پس کہا پہر رکھدے ڈھیلے کو طرف جگہ اوسکی کے
مسئلہ اہل قبور درمیان اپنی ملاقات اور زیارت کرتے ہین اور سیر دور کی بہی کرتے ہین

دسوان مسئلہ

یاہنین **جواب** آری درمیان اپنے ملاقات اور زیارت کرتے ہیں اور سیر دور کی کرتے ہین
یہان تک کر اندر گھرون اپنے کے درمیان بعضے دلون اور راتون کے انا ارواحون کا حدیثون
صحیح سے ثابت ہے **وَعَنْ جَابِرٍ** رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَحْسِنُوا اَكْفَانَ مَوْتَاكُمْ فَاِنَّهُمْ يَتَبَاهُوْنَ وَيَتَزَاوَرُوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ ۝ **ترجمہ** یعنے مروی
ہے جابر رض سے کہ کہا ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھے دو کفن مردون کو اپنے
پس تحقیق وہ مفاخرت کرتے ہیں آپس مین اور زیارت کرتے بیچ گورون اپنی کے **وَعَنْ** اَبِيْ
هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اَحْسِنُوْا اَكْفَانَ مَوْتَاكُمْ فَاِنَّهُمْ يَزُوْرُوْنَ فِيْ
قُبُوْرِهِمْ ۔ **ترجمہ** اور مروی ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عمدہ دو
کفن مردون اپنون کو پس تحقیق وہ زیارت کرتے ہین بیچ گورون اپنی کے یہہ دو نو حدیثین بیچ شرح
صدور کے ہین اور درمیان کتاب روضہ کے ہین بیچ باب چالیس کے ابن عباس سے **وَعَنِ ابْنِ**
عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَوْ كَانَ يَوْمُ عِيْدٍ اَوْ يَوْمُ جُمُعَةٍ اَوْ يَوْمُ عَاشُوْرَا اَوْ لَيْلَةُ النِّصْفِ
مِنْ شَعْبَانَ يَاْتُوْنَ اَرْوَاحُ الْاَمْوَاتِ وَيَقُوْمُوْنَ عَلٰى اَبْوَابِ بُيُوْتِهِمْ فَيَقُوْلُوْنَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ
يَذْكُرُنَا فِيْ غُرْبَتِنَا يَا مَنْ سَكَنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِنَا وَيَا مَنْ سَعِدْتُمْ بِمَا شَقِيْنَا وَيَا مَنْ قُمْتُمْ فِيْ اَوْ
سَعِ قُصُوْرِنَا وَنَحْنُ فِيْ اَضْيَقِ قُبُوْرِنَا وَيَا مَنِ اسْتَذْلَلْتُمْ اَيْتَامَنَا وَيَا مَنْ نَكَحْتُمْ نِسَاءَنَا
هَلْ مِنْ اَحَدٍ يَتَفَكَّرُ فِيْ غُرْبَتِنَا وَفَقْرِنَا كُتُبُنَا مَطْوِيَّةٌ وَكُتُبُكُمْ مَنْشُوْرَةٌ **ترجمہ** یعنے کہا
جو وقت کے ہوتا ہے دن عید کا یا دن جمعہ کا یا روز عاشورہ کا یا شب نصف شعبان سے ۔ یعنے
شب برات آتی ہین ارواح مردون کے اور کھڑے ہوتی ہین اوپر دروازون گھرون اپنی کے
پس کہتی ہین آیا ہے کوئی کہ یاد کرتا ہے ہمکو آیا ہے کوئی کہ رحم کرے اوپر ہمارے آیا ہے کوئی کہ یاد
کرے غربت ہماریکو اے لوگو کہ رہتے ہو تم بیچ گھرون ہمارے کے اے لوگون کہ اچھے ہوئے تم ساتھ
اوسکے کہ بدبخت ہوئے ہم ساتھہ اوسکے اور اے لوگون کہ کھڑے ہو تم بیچ کشادہ محلون ہمارے کے
اور ہم درمیان قبرون تنگ کے اور آیا اے لوگون ذلیل کیا تمنے یتیمون ہمارون کو اور اے لوگو نکاح

کیا تنے ساتھ عورتون ہمارے کے آیا ہے کوئی کہ یاد کرے بیچ غربت اور فقر ہمارے کے اعمال نامہ تمہارے کشادہ ہین اور اعمال نامہ ہمارے پلیٹے گئے اور بیچ فتاوی دستور القضات کے فتاوی نسفیہ سے ہے اِنَّ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَاْتُوْنَ فِیْ کُلِّ لَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ فَیَقُوْمُوْنَ فِیْ فِنَاءِ بُیُوْتِھِمْ ثُمَّ یُنَادِیْ کُلُّ وَاحِدٍ مِنْھُمْ بِصَوْتٍ حَزِیْنٍ یَا اَھْلِیْ وَاَوْلَادِیْ وَاَقْرِبَائِیْ اُعْطِفُوْا عَلَیْنَا بِالصَّدَقَۃِ وَاذْکُرُوْنَا وَلَا تَنْسَوْنَا وَارْحَمُوْنَا فِیْ غُرْبَتِنَا وَقِلَّۃِ حِیْلَتِنَا فِیْ قَبْرٍ ضِیْقٍ وَسِجْنٍ وَثِیْقٍ وَغَمٍّ طَوِیْلٍ وَفَقْرٍ شَدِیْدٍ قَدْ کَانَ ھٰذَا الْمَالُ الَّذِیْ فِیْ اَیْدِیْکُمْ فِیْ اَیْدِیْنَا لَوْ یُنْفِقْنَا فِیْ طَاعَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی لَمْ یُسْئَلْ مِنْہُ شَیْءٌ وَاَنْتُمْ تَاْکُلُوْنَ وَتَشْرَبُوْنَ وَنَحْنُ نُحَاسَبُ وَنُعَذَّبُ ثُمَّ یَرْجِعُوْنَ مِنْھُمْ بِصَوْتٍ حَزِیْنٍ اَللّٰھُمَّ اَقْنِطْھُمْ مِنَ الرَّحْمَۃِ کَمَا قَنَطُوْنَا مِنَ الصَّدَقَۃِ ترجمہ تحقیق ارواح مومنین کے آتی ہین ہر شب جمعہ کو اور کھڑی ہوتی ہین صحن مین گھرون اپنی کے پھر ندا کرتی ہین اون مین سے ہر ایک سات آواز غمزدہ ای اہل میری اور اولاد میری اور اقربا میری مہربانی کرو ہم پر ساتھ خیرات کے اور یاد رکھو ہمکو اور نہ بہولو ہمکو اور رحم کرو ہم پر بیچ غربت ہمارے کے قبر تنگ مین اور قیدخانہ مضبوط اور غم طویل اور عمر دراز اور نہایت سختی مین تحقیق تھا یہ مال جو ہاتہون تمہارے مین ہے ہمارے ہات مین اگر خرچ کرتے ہم بندگی خدا مین نہ پوچھے جاتے کچھ اوس سے اور تم کہاتے ہو اور پیتے ہو ہم حساب کیے جاتے ہین اور عذاب دیے جاتے ہین پھر لوٹ جاتے ہین بعضے اون مین ناامیدہ اور غمگین ہوکر پھر آواز کرتے ہین ہر ایک اون مین سے ساتھ آواز غمگین کے یا الٰہی ناامید رکھہ تو انکو رحمت اپنی سے جیسا کہ ناامید پھیرا ہمکو صدقہ اور فاتحہ درود سے اور بیچ کفایۃ المجالس کے ہے اِنَّ الْاَرْوَاحَ تُخَلَّصُ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ فَتَنْتَشِرُوْنَ فَجَاءُوْا اَوَّلًا اِلٰی مَقَابِرِھِمْ ثُمَّ جَاءُوْا فِیْ بُیُوْتِھِمْ ترجمہ تحقیق ارواحین چھوٹتی ہین جمعرات کے دن پس پھیلتی ہین پھر آتی ہین اول طرف قبرون اپنی کے پھر آتی ہین درمیان گھرون اپنے کے اور نزہت المجالس مین لکھا ہے کہ جب جمعرات آتی ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے طُوْبٰی لِمَنْ عَمِلَ فِیْکَ خَیْرًا وَّوَیْلٌ لِمَنْ عَمِلَ فِیْکَ شَرًّا

ترجمہ یعنے خوشی ہے اوسکے لئے جو تیرے مین عمل نیک کرے اور بربادی ہے اوسکے لئے جو تیرے مین بدی کرے پس لازم اور اولا ہوا جمعرات کو فاتحہ اور درود بروح حضرات اور جمیع مردون کے لئے دینا اور اسی جہت سے تمام ملک عرب اور عجم مین خلقت مردون اپنے کے جمعرات کو فاتحہ دیتے ہین اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ الْمُسَمّٰى بِتِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ وَاغْفِرْ لِمُؤَلِّفِهٖ وَلِأُسْتَاذِيهِ وَلِوَالِدَيْهِ وَلِجَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى رَسُولِ خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِينَ

الله کریم محمد	احمد سعدی فقیر	محمد علی بدان حب در دل و جان	دین محمدی در فرید آمده	محمد سرفراز عفی عنہ	عبد الله المعروف داور بخش عفی عنہ	محمد رکن الدین
محمد سراج الدین	عبد الرحیم	محمد یعقوب	عبد الرحمن	محمد حیات لاری	فضل رسول	غلام قادر
رحمت الله	حسین علی	نظام الدین	محمد قطب الدین	عنایت علی	وزیر علی	ابو البرکات
جلال الدین	محمد احمد الدین	غلام حسین	محمد صدیق	نور محمد	محمد عظیم	غلام محی الدین
حافظ احمد	فتح الدین	علاء الدین	کریم الدین	برکت الله	غلام جیلانی	فضل رحمن
تمت	باالخیر	سنہ ۱۲۸۸	سید جلال	در مطبع	مخدومی	

خاتمۃ الطبع

بحمد اللہ المنان الکریم والصلوٰۃ علی رسولہ محمد رؤف الرحیم والہ واصحابہ اجمعین اما بعد جانا چاہیے کہ چند تجار دیندار باوقار شہر بمبئی نے جلب نفع منفعت خاص اور نفع رسانی عام خیال سے اندنون مین چند کتابین تصانیف فاضل کامل بحر العلوم خیر الماہرین محقق مدقق مولانا ابو الرشید حاج الحرمین الشریفین حافظ القران عذب البیان مولوی محمد عبد الحکیم قادری دہلوی دامت فیوضہ سے چھپوائی چنانچہ تفسیر فاتحۃ الحکیم ماہ ربیع الثانی مین ساتھ اتمام کے چھپے اور ریاض المقاصد مع رسالہ عجالہ نافعہ ماہ جماد الاول مین چھپی بلکہ مصنف صاحب مدظلہ نے چند روز تک مفت تقسیم کی اور جا بجا روانہ کی اور ہدیۃ الحرمین کہ مزین بمواہیر علما حرمین شریفین سے ہے عنقریب ساتھ اختتام کے پہنچنے والا ہے اور الحمد للہ یہہ رسالہ عجیبہ مسمّٰی بہ تلک عشرہ کاملہ مزین بمواہیر علما باہتمام قاضی ابراہیم صاحب بن حاجی قاضی نور محمد صاحب بلبندری کے بحکم مصنف صاحب کے بتاریخ دویم ماہ جماد الثانی ۱۳۰۸ھ ہجریہ نبویہ مین علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ مطبع محمدی مین چھپا ۱۲

ابیات

عجب طرح کے زمانہ کے طور ہین او لٹے
کہ سیدہی راہ سے بہکے پھرے ہین یہہ او لٹے

ہے اونکا حال بتانا ضرور مجھکو ہوا
وہابی دین نبی سے ہین سر بسر او لٹے

حدیث نبوی کے معنے دئے اونہون نے اولٹ
کلام الہی کے معنے کئے ہین سب او لٹے

جو چشم غور سے کوئی ذرا او نہین دیکھے
تو شکل اصلی سے بھی پھر گئے ہین سب او لٹے

یہی سبب ہے خدا کا قہر ہے اونپہ نزول
پھرینگے خلد سے دوزخ کے تئین وہ سب او لٹے

جو اونکے مذہب بد مین ہوا کوئی شامل
طرح طرح کی وہ دیکھیگا سخت عذاب الٹے

اگرچہ شمر سے تشبیہ دے اونہین ہے بجا
یہہ گمرہی مین زیادہ ہین اوس سے سب او لٹے

اگرچہ مولوی عبد الحکیم نہ آتے
تو اس سے زیادہ بہکتے یہہ سب کے سب الٹے

چھپے ہین کونے مین اوس سے سبھی یہہ بد انجام
نہ اونکے سامنے کرتا کوئی ہے کچھ بھی کلام

نہ رد و کد نہ ہوا ہمسے حال کچھہ تحریر
حشر کو سمجھے کا اونکے تئین یہہ رب قدیر

خدا سے عرض کر تو صبح شام اے دل گیر
یہہ سیدہی راہ پہ آجاوین سب کے سب الٹے

تمام شد